# ایم کیوایم اقتدار میں آکرقومی لٹیروں سے ایک ایک پائی کا حساب لے گی، رابطہ کمیٹی

## قرضے معاف کرانے والوں کے خلاف سپریم کورٹ کے ریمارکس کا خیر مقدم

کراچی۔۔۔19/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سپریم کورٹ میں چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی جانب سے قرضے معاف کرانے والوں سے قومی دولت واپس کروانے بصورت دیگر قانونی کارروائی کیلئے تیار رہنے کی ریمارکس کا پرجوش خیر مقدم کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرانے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کے خلاف عملی جدوجہد کررہے ہیں اور ایم کیوایم کا واضح مئوقف ہے کہ وہ اقتدار میں آکر قومی دولت لوٹنے والوں سے ایک ایک پائی کا حساب لے گی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سپریم کورٹ میں قومی دولت کی لوٹ مار کرنے والوں کو تنبیہ کرنا اور قومی لٹیروں کے خلاف قانونی کارروائی کا عندیہ دینا خوش آئند ہے۔

☆☆☆☆☆